The Transport Subsidy
Promotes Employment
And Helps You Stay In Work

勞工處
Labour Department



# Work Incentive Transport Subsidy Scheme

## کام کی ترغیب کے لیے ٹرانسپورٹ کی رعایتی اسکیم

### مقصد

کم آمدنی والے کارکنان کو کام پر جانے اور آنے کے لیے اپنے سفر کے خرچ میں
کمی کرنے اور انہیں کام جاری رکھنے کی ترغیب دینے کے لیے ان کی مدد کرنا-

ماہانہ آمدنی اور اثاثوں
کی حد میں تبدیلی کردی
گئی ہے -

اہل اشخاص **انفرادی** یا
**گھر انے** کی بنیاد پر
درخواست دے سکتے ہیں۔



براہ مہربانی درخواست دینے
کی آخری تاریخ کا دھیان رکھیں

Urdu version

## کلیدی خصوصیات



WITS اسکیم "دو طرفہ" نظام رکھتی ہے! مَیں انفرادی بنیاد کی درخواست کے لیے آمدنی اور اثاثوں کی حد کو پورا کرتی ہوں اور انفرادی بنیاد پر WITS کے لیے درخواست دے سکتی ہوں۔



- انفرادی بنیاد اور گھرانے کی بنیاد پر درخواست دینے والے اپنی ہر درخواست میں گذشتہ 6 سے 12 ماہ کے لیے کام کی ترغیب کے لیے ٹرانسپورٹ کی رعایتی اسکیم (WITS) کی درخواست دے سکتے ہیں۔ WITS تقویمی مہینے کے لئے دی جاتی ہے اور درخواست گذاروں کو اہلیت کے ہر ماہ کے لیے رعایت ملے گی۔

- درخواست گذاروں کی سہولت کے لیے، درخواستیں بذریعہ ڈاک جمع کروائی جا سکتی ہیں اور WITS بینک ٹرانسفر کے ذریعے ادا کر دی جاتی ہے۔

- ایک ہی گھرانے کے درخواست گذار انتخاب کر سکتے ہیں کہ:

1. ہر درخواست گذار کی تشخیص انفرادی طور پر کی جائے؛ یا
2. تمام درخواست گذاروں اور گھرانے کے ارکان کی ایک گھرانے کے طور پر اکٹھی تشخیص کی جائے۔

گھرانے کے ارکان میں ایک ہی جگہ پر رہنے والے خاندان کے مرکزی ارکان اور وہ اشخاص شامل ہیں جو اسی مقام پر رہتے ہیں اور رہائش کی سہولیات کو مشترکہ طور پر استعمال کرتے ہیں۔





میرے گھرانے کے درخواست گذار الگ الگ یا ایک گھرانے کے طور پر اکٹھی درخواست دے سکتے ہیں۔

درخواست گذار پہلی درخواست یا ہر 6 سے 12 ماہ کے بعد دوبارہ درخواست دینے کے موقع پر انفرادی بنیاد پر یا گھر انے کی بنیاد پر درخو است دینے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔



میں ہر 6 سے 12 ماہ کے بعد WITS کے لیے درخواست دیتے وقت انفرادی درخواست یا گھرانے کی درخواست کا انتخاب کر سکتا ہوں۔



اگرچہ دعوٰی کی گئی مدت میں سے کچھ ماہ کے لئے میں اہل نہیں ہوں، تب بھی میں باقی مہینوں کے لیے اہل ہونے کی وجہ سے، WITSحاصل کر سکتا / سکتی ہوں۔

رعایت کی شرح درخواست گذار کے ماہانہ اوقات کار پر منحصر ہوتی ہے۔ درخواست گذار اپنے اہل ہونے کے مہینوں کے لیے 600$ ماہانہ کی پوری شرح سے WITS وصول کریں گے (جن میں انہوں نے کم از کم 72 گھنٹے ماہانہ کام کیا ہو)، یا 300$ ماہانہ کی نصف شرح سے وصول کریں گے (جن میں انہوں نے 72 گھنٹوں سے کم لیکن کم از کم 36 گھنٹے ماہانہ کام کیا ہو)۔





ملازمین ،کبھی کبھار کام کرنے والے اورخود کار افراد ،کل وقتی یا جز وقتی بنیاد پر کام کرنے والے ، WITS کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ اپنی ملازمت تبدیل کرنے سے کوئی مسئلہ نہیں ہو گا اور میرے تمام گھنٹے گنے جائیں گے۔

## درخواست دینے کی آخری تاریخ


زیادہ سے زیادہ دعوے کی مدت پچھلے 12 ماہ ہیں۔ مثال کے طور پر، مئی 2016 سے شروع ہونے والی سبسڈی کے لیے درخواست 31 مئی 2017 تك یا اس سے پہلے جمع کروائی جانی چاہیے; اسی طرح جون 2016 سے شروع ہونے والی سبسڈی کے لیے درخواست 30 جون 2017 تك جمع کروائی جانی چاہیے اور اسی طرح۔ خارج المیعاد دعوی ماہ کی سبسڈی نہیں دی جائے گی۔

ہر درخواست کو کم از کم 6 مسلسل مہینوں کا احاطہ کرنا چاہئے۔ 7، 8 یا 9 مہینوں کا کوئی مسئلہ نہیں لیکن یہ عرصہ 12 ماہ سے زائد نہیں ہو سکتا۔





## اہلیت کے معیارات



- درخواست گذاروں کو مندرجہ ذیل معیارات پورے کرنے چاہئیں:

1. ملازم یا خود روزگار اشخاص ہوں، یا ہانگ کانگ میں قانونی طور پر قابل ملازمت ہوں؛
2. کام پر جانے اور آنے کا سفر طے کرنے کے لیے رقم خرچ کرتے ہوں؛
3. ماہانہ آمدنی اور اثاثوں کی حد پوری کرتے ہوں؛ اور
4. کم از کم 72 گھنٹے ماہانہ کام کرتے ہوں (اگر600$ کی مکمل ماہانہ رعایت کے لیے درخواست دے رہے ہوں) یا 72 گھنٹوں سے کم لیکن کم از کم 36 گھنٹے ماہانہ کام کرتے ہوں (اگر 300$ کی نصف ماہانہ رعایت کی درخواست دے رہے ہوں)۔

- درخواست گذاروں کو حکومت کی مہیا کردہ ملازمت سے متعلق دیگر اسی طرح کی رعایتیں ساتھ ساتھ نہیں ملیں گی، بشمول:

1. کام پر جانے اور آنے کے سفر کے خرچ کے لیے ملازمت کے اعانتی منصوبوں کے تحت عارضی مالی مدد اور جامع سوشل سیکوریٹی اعانت (CSSA) اسکیم کے تحت معمر، علیل اور معذورافراد کے لیے فراہم کردہ سفر کے خرچ کا احاطہ کرنے والی خصوصی گرانٹیں؛
2. ملازمت پر جانے اور آنے کے سفر کے خرچ کے لیے لیبر ڈیپارٹمنٹ کی کیس کے انتظام اور ملازمت کی معاونتی خدمات کے تحت ایک ہی جگہ پر عارضی مالی اعانت۔

- کل وقتی طلباء اور زیر تربیت افراد جو ملازم نہیں ہیں وہ WITS کے لیے اہل نہیں ہیں۔

- کم آمدن کام کرنیوالے خاندان کے الاؤنس سے متعلق انتظامات کے لیے، برائے مہربانی *کام کی ترغیب کے لیے ٹرانسپورٹ کی رعایتی اسکیم پر درخواست کی اضافی معلومات کے لیے راہنمائی کے نوٹ* ملاحظہ کیجیے[1]۔

نوٹ: (1) *کام کی ترغیب کے لیے ٹرانسپورٹ کی رعایتی اسکیم پر درخواست کی اضافی معلومات کے لیے راہنمائی کے نوٹ* درخواست کے دستاویزات کے ساتھ منسلک ہیں، اور لیبر ڈیپارٹمنٹ کے ہوم پیج پر بھی دستیاب ہیں۔

## ماہانہ آمدنی اور اثاثوں کی حدود

درخواست گذاروں کو ماہانہ آمدنی اور اثاثوں کی مندرجہ ذیل حدود لازماً پوری کرنی ہوں گی:

| گھرانے کا حجم | فروری 2017 کے بعد سے سبسڈی کے لئے درخواست | | |
|---|---|---|---|
| | ماہانہ آمدنی کی حد | ماہانہ اثاثوں کی حد(2) | مؤثر آمدنی کی سطح(3) (صرف حوالہ کے لئے) |
| 1 شخص یا انفرادی بنیاد پر دی جانے والی درخواست | $10,000 | $91,500 | $10,526 |
| 2 اشخاص | $17,000 | $123,000 | $17,894 |
| 3 اشخاص | $19,500 | $184,500 | $20,526 |
| 4 اشخاص | $22,800 | $246,000 | $24,000 |
| 5 اشخاص | $23,900 | $246,000 | $25,157 |
| 6 اشخاص یا اس سے زیادہ | $25,200 | $246,000 | $26,526 |

| گھرانے کا حجم | فروری 2016 سے جنوری 2017 تک سبسڈی کے لئے درخواست | | |
|---|---|---|---|
| | ماہانہ آمدنی کی حد | ماہانہ اثاثوں کی حد(2) | مؤثر آمدنی کی سطح(3) (صرف حوالہ کے لئے) |
| 1 شخص یا انفرادی بنیاد پر دی جانے والی درخواست | $10,000 | $88,500 | $10,526 |
| 2 اشخاص | $16,600 | $120,000 | $17,473 |
| 3 اشخاص | $18,900 | $180,000 | $19,894 |
| 4 اشخاص | $22,100 | $240,000 | $23,263 |
| 5 اشخاص | $22,800 | $240,000 | $24,000 |
| 6 اشخاص یا اس سے زیادہ | $25,200 | $240,000 | $26,526 |

نوٹ: (2) ہر بزرگ درخواست گزار یا (گھر کی بنیاد پر درخواست میں) 60 سال یا اس سے زیادہ عمر کے گھر کے رکن کے لئے جائیداد میں $35,000 اضافہ کر دیا گیا ہے۔

(3) سکیم کے تحت، ملازمین کے لازمی پروویڈنٹ فنڈ (MPF) پر واجب شراکت کو "آمدنی" میں شامل نہیں کیا جاتا ہے (یعنی ملازمین کی تنخواہ کا 5٪)۔ ملازمین کے MPF کے لئے لازمی شراکت کی کٹوتی سے پہلے آمدنی کو "مؤثر آمدنی کی سطح" کہا جاتا ہے۔ "مؤثر آمدنی سطح" صرف حوالے کے لئے ہے، اور آمدنی کا اندازہ "ماہانہ آمدنی کی حد" پر مبنی ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| آمدنی[4] = | ہانگ کانگ کے اندر اور باہر ملازمت (بشمول جز وقتی ملازمت)[5] سے کمائی، علاوہ MPF چندے | + | دیگر آمدن[6] ہانگ کانگ کے اندر اور باہر، سوائے گورنمنٹ کی طرف سے فراہم کردہ مالی معاونت[7] اور کمیونٹی کیئر فنڈ کی طرف سے کی گئی ادائیگی |



| | |
|---|---|
| اثاثے[4] = | ہانگ کانگ کے اندر اور باہر اثاثہ جات، بشمول ذاتی، مشترکہ[8] یا کمپنی کے نام پر رکھے گئے اثاثے مثلاً بینک ڈپاذٹ (میعادی ڈپازٹ، غیر ملکی کرنسی میں ڈپازٹ، کرنٹ اکاؤنٹ ڈپازٹ)، نقد بچتیں، شرطوں کے اکاؤنٹ بیلینس، سرمایہ کاری (مثلاً سٹاک، فنڈ، بانڈ، وارنٹ، حصص)، بیمہ پالیسیوں کی نقد قیمت (بشمول ڈیویڈنڈ)، گاڑیاں (واجب الادا مورگیج قرضہ قابل کٹوتی)، بلا ذاتی قبضہ جائدادیں (واجب الادا مورگیج قرضہ قابل کٹوتی)، قابل انتقال گاڑیوں کے لائسنس، دوسروں کو قرضہ، دوسرے لوگوں کے اعتماد میں رکھا گیا قرضہ اور فوری طور پر قابل وصولی دیگراثاثہ جات اور قیمتی اشیاء علاوہ MPF اکاؤنٹوں کے بیلینس اور واجب الادا طالبعلموں کے قرضے، وغیرہ۔<br><br>**<u>نوٹ</u> : ایک ہی ماہ کے اثاثوں کا حساب کتاب کرتے وقت بینک کے گوشواروں یا پاس بُکوں میں دکھائی گئی تنخواہیں منہا کر دی جائیں گی۔** |

نوٹ: (4) گھرانے کی درخواستوں کی تشخیص تمام درخواست گذاروں اور گھرانے کے ارکان کی آمدنی اور اثاثہ جات کی بنیاد پر کی جاتی ہے۔

(5) مثلاً ملازمت کے قانون میں دی گئی اُجرتیں (مثلاً تنخواہ، الاؤنس، کمیشن، اوور ٹائم، ادائیگی، بخشیشیں اور سروس چارجز)، کاروباری منافع اور خود روزگاروں کی دی ہوئی خدمات کے لیے سروس چارجز۔

(6) مثلاً ماہانہ پنشن، جمع کردہ کرایہ، درخواست گذاروں کے ساتھ نہ رہنے والے رشتہ داروں یا دوستوں کی دی ہوئی رقوم۔

(7) مثلاً CSSA، کبر سنی (بزرگی) کا الاؤنس، کبرسنی کا رہائشی الاؤنس۔

(8) مشترکہ ڈپازٹوں یا دیگر مشترکہ اثاثہ جات کے لئے، اثاثوں کے حامل تمام افراد میں اثاثوں کی قیمت کو مساوی طور پر شریک سمجھا جائے گا، تاوقتیکہ بصورت دیگر ثابت کرنے کے لیے دستاویزات فراہم کی جائیں۔

## درخواست کی دستاویزات

انفرادی بنیاد پر درخواست دینے والے ***انفرادی درخواست فارم*** جمع کروائیں۔

گھرانے کی بنیاد پر درخواست دینے والے ہر گھرانے کے لئے ایک ***گھرانے کی درخواست فارم*** جمع کروائیں۔

## درخواست کی دستاویزات کی تقسیم کے مقامات

- لیبر ڈیپارٹمنٹ (محکمۂ محنت) کا شعبۂ WITS
- ملازمت کے مراکز اور لیبر ڈیپارٹمنٹ کے صنعتی بنیاد پر بھرتی کے مراکز
- شعبۂ امور داخلہ کے انکوائری کے مراکز
- محکمہ سماجی بہبود کے سوشل سیکورٹی فیلڈ یونٹ
- لیبر ڈیپارٹمنٹ کا ہوم پیج: www.labour.gov.hk
- فیکیسیمائل بذریعہ 24-گھنٹے کی انکوائری ہاٹ لائن پر کال کرکے: 2717 1771
  ( "1823" کے ذریعے زیر عمل)



## استفسارات

- 24-گھنٹہ استفساراتی ہاٹ لائن: **2717 1771** ("1823" کے ذریعے زیر عمل)
- لیبر ڈیپارٹمنٹ کا کام کی ترغیب کے لیے ٹرانسپورٹ کی رعایت کا شعبہ
  (Work Incentive Transport Subsidy Division of the Labour Department)
  (انکوائری کی سہولت اور فارم پُر کرنے کی سہولت فراہم کی جاتی ہے)

پتہ: یونٹ 1225، 12/F، کولون بے انٹر نیشنل ٹریڈ اور ایگزیبیشن سنٹر، 1 ٹریڈ مرٹ ڈرائیو، کولون بے

(مفت شٹل بس سٹاپ ٹیلفورڈ پلازہ 2 میں ہینگ سینگ ٹاور سے باہر واقع ہے ذریعے MTR کولون بے اسٹیشن خَرُوج ایک)